© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

## قادیانی دہشت گرد پاکستان کی جڑیں کھوکھلی کررہے ہیں
## چناب نگر میں ناجائز اسلحہ کے ذخائر ہیں، حکومت آپریشن کرے
## آئین سے انحراف کا دروازہ قادیانیوں نے کھولا

### لاہور میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس سے رہنماؤں کا خطاب

لاہور (۷؍ستمبر) مرکز احرار لاہور میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس کے مقررین نے کہا کہ قادیانی مذہبی نہیں ایک گمراہ سیاسی گروہ ہے جو یہودی ایجنڈے کے مطابق پاکستان کی جڑیں کھوکھلی کررہے ہیں۔ قومی اسمبلی کی ۱۹۷۴ء کی کارروائی اوپن ہونے کے بعد قادیانیوں کو اپنے باطل مذہب سے توبہ اور یہودیوں کی نوکری چھوڑ دینی چاہیے۔ قادیانی اسلام اور مسلمانوں کے نام پر دھوکا دینا بند کردیں۔ اب ان کے پاس اسلام قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ کانفرنس کی صدارت مجلس احرار اسلام کے نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد نے کی۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنے بارے میں پارلیمنٹ کے آئینی فیصلے کو تسلیم کرلیں ورنہ مجلس احرار اسلام ان کے خلاف جنگ جاری رکھے گی۔ پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے کہا کہ دستور کی بالادستی کا اوّلین تقاضا یہ ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان قادیانیوں کی طرف سے دستوری فیصلے کو مسترد کرنے اور متوازی عدالتی نظام قائم کرنے کا نوٹس لیں کیونکہ ۱۹۷۳ء میں دستور کے نفاذ کے بعد ۱۹۷۴ء میں دستوری فیصلوں سے انحراف کا دروازہ سب سے پہلے قادیانیوں نے کھولا تھا۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی عالمی استعمار کے ایجنٹ ہیں جو پاکستان کی سلامتی کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔ ان کے خلاف دینی قوتوں کی نئی صف بندی کی ضرورت ہے۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ قادیانیت کی ہوا اکھڑ چکی ہے۔ اب وہ زیادہ دیر تک مسلمانوں کو دھوکا نہیں دے سکتے۔ چناب نگر میں قادیانی کئی ایکڑ سرکاری اراضی پر قابض ہیں اور خدام الاحمدیہ نامی دہشت گرد تنظیم کے پاس ناجائز اسلحہ کے ذخائر موجود ہیں۔ حکومت ایک سرچ آپریشن چناب نگر میں بھی کرے۔ ہم چناب نگر کو اسرائیل نہیں بننے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں قادیانی فتنہ کی سرکوبی ہوئی جس کی وجہ سے قادیانیوں نے ہی بھٹو کو پھانسی لگوایا۔ پیپلز پارٹی اپنے قائد کے کارنامے کو زندہ رکھے۔ جمعیت علماء اسلام (ف) کے سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد امجد خان نے کہا کہ ہم پارلیمنٹ کے اندر اور باہر آئین کے تحفظ اور نفاذ کی جنگ کرتے رہیں گے۔ قادیانیوں کے سربراہ مرزا ناصر اسمبلی میں مولانا مفتی محمودؒ کے دلائل کے سامنے لاجواب ہوگئے تھے۔ اہل سنت والجماعت پنجاب کے صدر مولانا شمس الرحمٰن معاویہ نے کہا کہ ہم جنگِ یمامہ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جان کی بازی لگا کر عقیدۂ ختمِ نبوت کی حفاظت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عقیدۂ ختمِ نبوت ہی امت مسلمہ کے اتحاد و یکجہتی کی اساس ہے۔ تحریک حرمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے امیر حمزہ نے کہا کہ قادیانی اسلام اور وطن کے دشمن ہیں۔ انہوں نے ہمارے ایٹمی راز امریکہ کو فراہم کیے۔ کانفرنس سے مجلس احرار اسلام کے میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار، عابد مسعود ڈوگر، مولانا منظور احمد، مسلم لیگ (ن) کے ایم پی اے حافظ میاں نعمان، خاکسار تحریک کے رانا محمد ایوب، جمعیت علماء پاکستان کے سید نور المصطفیٰ قادری اور ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے علامہ ممتاز اعوان نے بھی خطاب کیا۔ جب کہ سید سلمان گیلانی نے منظوم خراجِ تحسین پیش کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## کمالیہ: انتظامیہ کی یوم ختم نبوت پروگرام روکنے کی کوشش

کمالیہ (۱۱رستمبر) یومِ ختمِ نبوت کے سلسلے میں پروگرام انتظامیہ کی نظر میں دہشت گردی بن گیا۔ انتظامیہ نے یومِ ختمِ نبوت کے سلسلے میں لگائے ہوئے بینرز اتار دیے۔ یوم ختم نبوت کے بینرز اتارنے سے روکنے پر مذہبی رہنما گرفتار، مقامی علما کرام کا انتظامیہ کے رویے پر بھرپور احتجاج اور ہنگامی پریس کانفرنس میں اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق یومِ ختمِ نبوت کے سلسلے میں مجلس احرارِ اسلام کے زیرِ انتظام مدرسہ جامعہ کریمیہ کمالیہ میں ۹رستمبر کے خطبۂ جمعہ کے لیے مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبداللطیف خالد چیمہ کا بیان طے کیا گیا۔ مقامی انتظامیہ نے مدرسہ انتظامیہ اور مجلس احرارِ اسلام کمالیہ کے رہنماؤں کو عبداللطیف خالد چیمہ کے خطبۂ جمعہ سے علاقے میں بدامنی اور فساد ہونے کا کہہ کر پروگرام ختم کرنے پر زور دینا شروع کر دیا اور عبداللطیف خالد چیمہ کا تعلق کالعدم سپاہ صحابہ سے ظاہر کرنا شروع کر دیا۔ خطبہ جمعہ کے لیے عبداللطیف خالد چیمہ بوجہ علالت نہ آسکے اور ان کی جگہ مجلس احرارِ اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری مولانا عابد مسعود نے خطبہ جمعہ دیا۔ بعد ازاں دیہی علاقہ خان دا چک میں انتظامیہ نے یومِ ختمِ نبوت کے سلسلے میں لگے ہوئے بینرز اتار دیے اور بینرز اتارنے سے منع کرنے پر جمعیت طلبہ اسلام کے رہنما حافظ عدیل ارشد کو حراست میں لے لیا۔ مدرسہ عربیہ نعمانیہ کمالیہ میں جمعیت علما اسلام کمالیہ کے رہنما قاری عمر فاروق نے علما کے ساتھ ہنگامی طور پر پریس کانفرنس کی اور مقامی انتظامیہ کا قبلہ درست کرنے کا مطالبہ کیا۔

## منکرین ختم نبوت کا تعاقب جاری رکھیں گے: مولانا عابد مسعود

ٹوبہ ٹیک سنگھ (۱۲رستمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد عابد مسعود نے کہا ہے کہ وفاقی وزیرِ داخلہ رحمٰن ملک مُلک میں ایک مذہبی سوالیہ نشان بن چکے ہیں۔ انہیں اپنی مذہبی پوزیشن واضح کرنی چاہیے کہ وہ قادیانیوں کو کیا سمجھتے ہیں۔ آج تک منکرینِ ختمِ نبوت قادیانیوں نے پاکستان کے وجود ہی کو تسلیم نہیں کیا۔ وہ ملک سے کیا وفاداری کریں گے۔ بلکہ وہ اسرائیل اور انڈیا کے جاسوس ہیں۔ کراچی سمیت ملک بھر میں بدامنی کی آگ پھیلانے میں قادیانیوں کا ہاتھ کارفرما ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے جامعہ مسجد کریمیہ محلّہ محبّ علی شاہ کمالیہ میں منعقدہ ایک تقریب بسلسلہ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے تاریخی فیصلے کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ایک تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ انھوں نے کہا کہ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلوانے کے لیے ہزاروں مسلمانوں نے اپنی جانیں قربان کیں اور پھر یہ مسئلہ حل ہوا۔ جب تک ہمارا ایک بچہ بھی زندہ ہے، منکرینِ ختم نبوت کا تعاقب جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر مجلس احرارِ اسلام کمالیہ کے رہنما ماسٹر عبدالکریم، حاجی احسان احمد احسان اور محمد طیب کمالوی بھی موجود تھے۔

## تھانہ صدر کمالیہ کے ایس ایچ او نے ختم نبوت کے بینرز شر انگیز قرار دے دیے

ٹوبہ ٹیک سنگھ (۱۲رستمبر) تھانہ صدر کمالیہ کے ایس ایچ او پر توہین رسالت کا الزام، نواحی گاؤں خان دا چک کمالیہ میں یومِ ختمِ نبوت کے حوالے سے لگائے گئے بینرز کو مبینہ طور پر شر انگیزی قرار دیا، جس پر مقامی علما کرام سمیت دیگر مذہبی و سیاسی رہنماؤں نے شدید احتجاج کیا اور اس کے خلاف توہین رسالت ایکٹ ۲۹۵ کے تحت مقدمہ درج کر کے اسے فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے، بصورت دیگر ۱۶رستمبر کو کمالیہ میں بھرپور احتجاج کی دھمکی دی ہے۔ اتوار کے روز مدرسہ عربیہ نعمانیہ کمالیہ میں ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ادارہ نعمانیہ کمالیہ کے مہتمم قاری محمد عمر صدیقی، جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں مولانا حفیظ الرحمٰن رشیدی، حافظ ڈاکٹر عبدالغنی خالد، مولانا عبید الرحمٰن ضیا، مولانا صاحب زادہ راشد محمود ضیا، حافظ محمد اقبال، ماسٹر عبدالعزیز شیخ، حافظ عدیل ارشد، پاکستان مسلم لیگ ن کمالیہ کے رہنما قاری محمد اسلم فاروقی، اتحاد اہل سنت والجماعت کمالیہ کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رہنما مولانا حسن معاویہ، مجلس احرار اسلام رہنما حاجی احسان احمد احسان، حافظ محمد الیاس گجر نے کہا کہ تھانہ صدر کمالیہ کے ایس ایچ او الیاس جٹ نے نواحی گاؤں چک خان دا کمالیہ میں یومِ ختمِ نبوت کے حوالے سے لگائے گئے بینرز کو شرانگیزی قرار دے کر سرِ عام توہینِ رسالت کی ہے ایسے بدبخت گستاخِ رسول کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او نے علما کرام کے بارے میں نازیبا الفاظ استعمال کیے جو ناقابل برداشت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم نہیں چاہتے کہ کوئی عاشق رسول غازی اپنا کام دکھائے۔ انہوں نے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف، آئی جی پولیس پنجاب جاوید اقبال، ڈی آئی جی پولیس فیصل آباد آفتاب احمد سمیت دیگر حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ گستاخِ رسول ایس ایچ او کے خلاف توہینِ رسالت ایکٹ ۲۹۵ کے تحت مقدمہ درج کر کے اسے فوری گرفتار کیا جائے۔ ورنہ ۱۶ ستمبر کو کمالیہ میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا اور پھر تمام حالات کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی۔

## حدیث اور سنت حجت ہیں، ان کے بغیر دین کی تشریح گمراہی ہے

### شیخ الحدیث مولانا محمد صدیق مدظلہ کا مدرسہ معمورہ میں مشکوٰۃ شریف کے افتتاحی سبق میں خطاب

ملتان (۱۹ ستمبر) مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان کے نئے تعلیمی سال کے افتتاح اور مشکوٰۃ شریف کے ابتدائی درس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے جامعہ خیر المدارس کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق صاحب نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی ایک درجے کی معصومیت حاصل ہے۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ حضراتِ صحابہ کرام کے اقوال وافعال بھی حجت اور حدیث کا درجہ رکھتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ دنیاوی عہدے اور مفادات کی غرض سے علم حدیث پڑھنا حدیث کی بدترین توہین ہے۔ اور یہ ایسے ہی ہے جیسے سونے چاندی کے بدلے میں گھٹیا چیزیں خریدی جائیں۔ انھوں نے کہا کہ دینی علوم حاصل کرنے کے دو ہی طریقے ہیں۔ محنت اور تقویٰ، تقویٰ کے بغیر محنت تو ناکام ہو سکتی ہے لیکن تقویٰ کا راستہ یقینی کامیابی کا راستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کو حدیث اور نعمت کہا ہے۔ حدیث ہی احکام الٰہی کی تشریح ہے۔ حدیث اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر دین کی تشریح گمراہی ہے۔ قرآن وحدیث اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی حصولِ دین کے حقیقی ذرائع اور منبع ہیں۔ حدیثِ رسول حجت ہے اور انکارِ حدیث گمراہی اور فتنہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ محدثین اور علماء کرام طالبانِ علوم دین میں محنت اور تقویٰ کی صفات پیدا کرتے آئے ہیں اور رشد وہدایت کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ انھوں نے کہا کہ ادب حصولِ علم کی پہلی شرط ہے۔ ادب کی وجہ سے ہی لوگ عزت کے مرتبے پر پہنچے ہیں اور جو بھی عزت کے مقام سے نیچے گرا ہے۔ وہ بے ادبی کی وجہ سے ہی گرا ہے۔ اس موقع پر مدرسہ معمورہ کے مہتمم حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، ناظم سید محمد کفیل بخاری، ابن ابوذر سید محمد معاویہ بخاری اور مدرسہ کے تمام اساتذہ اور طلباء موجود تھے۔

## پاکستان کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہر قربانی دیں گے

## قادیانی ۱۹۷۴ء کے متفقہ دستوری فیصلے کو تسلیم کرلیں

### مولانا فضل الرحمٰن کی دارِ بنی ہاشم میں سید محمد کفیل بخاری سے گفتگو

ملتان (۲۰ ستمبر) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہر قربانی دیں گے حکمران ملک میں امن وامان کے قیام کے ذمہ دار ہیں۔ آفات اور مصائب اللہ کی طرف رجوع اور استغفار سے ہی ٹل سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دارِ بنی ہاشم میں مجلس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جامعہ قاسم العلوم کے نائب مہتمم حضرت مولانا یٰسین بھی موجود تھے۔

انھوں نے کہا کہ قادیانی ۱۹۷۴ء کے متفقہ دستوری فیصلے سے انحراف کر رہے ہیں۔ وہ آئین میں اپنی طے شدہ حیثیت کو تسلیم کرنے سے نہ صرف انکار کر رہے ہیں بلکہ پاکستان کے خلاف بین الاقوامی استعماری سازشوں میں شریک ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم ہر محاذ پر پوری قوت سے اسلام اور پاکستان کا دفاع کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں پاکستان کی نظریاتی حیثیت کا تعین ہو چکا ہے۔ ہم آئین کی عملداری اور تحفظ کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی استعمار پاکستان کے خلاف سازشیں کر رہا ہے لسانی اور گروہی تعصّبات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملک کی سلامتی اور دفاع کو ناقابلِ شکست بنانا پوری قوم کی ذمہ داری ہے۔ انھوں نے کہا کہ دینی مدارس اور دینی جماعتیں اسلام اور پاکستان کے قلعے اور فطری محافظ ہیں۔ ہم وطن عزیز کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنا دیں گے۔ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اپنی آئینی اور پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔

## چیچہ وطنی کی ڈائری

چیچہ وطنی (رپورٹ: شاہد حمید) ۶ رستمبر منگل کو جناب سید محمد کفیل بخاری چیچہ وطنی تشریف لائے اور جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی عیادت کے بعد تحفظ ختم نبوت کانفرنس لاہور کے لیے عازم سفر ہوئے، ۷ رستمبر بدھ کو حافظ محمد عابد مسعود اور مولانا منظور احمد نے دفتر مرکزیہ میں ’’یومِ تحفظ ختم نبوت‘‘ کے اجتماع میں شرکت کے لیے لاہور کا سفر کیا، ۹ رستمبر جمعتہ المبارک کو جناب حافظ محمد عابد مسعود نے مجلس احرارِ اسلام کمالیہ کے زیر اہتمام مسجد کریمیہ میں ’’یومِ تحفظ ختمِ نبوت‘‘ کے پروگرام میں شرکت وخطاب کیا۔ بعد ازاں احباب وصحافیوں سے ملاقات کی حافظ حبیب اللہ رشیدی بھی ان کے ہمراہ تھے، ۱۰ رستمبر ہفتہ کو اہلسنت والجماعت پاکستان کے سربراہ مولانا محمد احمد لدھیانوی نے چیچہ وطنی کے ہسپتال میں جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی بیمار پرسی کی، ۱۵ رستمبر جمعرات کو بورے والا پریس کلب میں ’’ختمِ نبوت سیمینار‘‘ میں مجلس احرارِ اسلام کی نمائندگی حافظ محمد عابد مسعود نے کی راقم بھی ہمراہ تھا بورے والا کے احبابِ احرار بھی موجود تھے، ۱۸ رستمبر اتوار خانقاہ سراجیہ مجددیہ نقشبندیہ کندیاں شریف کے سجادہ نشین حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد چیچہ وطنی تشریف لائے اور اپنے متوسلین کے ہمراہ چک نمبر ۴۲۔۱۲۔ ایل میں مدرسہ عربیہ رحیمیہ (خانقاہ رشیدیہ) تشریف لے گئے جہاں انہوں نے عبداللطیف خالد چیمہ کی بیمار پرسی بھی کی اور دعا کرائی حضرت حافظ عبدالرشید رحمتہ اللہ علیہ کی علیل اہلیہ محترمہ (عبداللطیف خالد چیمہ، جاوید اقبال چیمہ اور حافظ حبیب اللہ چیمہ کی والدہ ماجدہ) کی عیادت کی اور دعائے خیر کرائی اُسی روز بعد نماز مغرب مرکز سراجیہ لاہور کے مدیر جناب صاجبزادہ رشید احمد دفتر احرار چیچہ وطنی تشریف لائے اور عبداللطیف خالد چیمہ کی عیادت کی اُن کے متوسلین نے بھی اُن سے ملاقات کی، ۱۹ رستمبر پیر کو رات قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری عبداللطیف خالد چیمہ کی عیادت کے لیے چیچہ وطنی تشریف لائے، ۲۰ رستمبر کو انہوں نے چک نمبر 42-12۔ ایل میں عبداللطیف خالد چیمہ کی والدہ محترمہ کی بیمار پرسی کی سہ پہر کو ساہیوال تشریف لے گئے اور جامعہ رشیدیہ میں قاری حزب اللہ رشیدی کے انتقال پر تعزیت اور جامعہ رشیدیہ میں تعزیتی بیان کے بعد جامعہ اشرفیہ عیدگاہ ساہیوال میں حضرت مولانا عبدالستار کی عیادت کی عبداللطیف خالد چیمہ اور حافظ محمد سلیم اُن کے ہمراہ تھے بعد ازاں عبداللطیف خالد چیمہ نے ساہیوال میں عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت کے جنرل سیکرٹری قاری عبدالجبار کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ قاری منظور احمد طاہر، قاری عتیق الرحمٰن، مولانا محمد شفیع قاسمی، چودھری سردار محمد، مولانا عبدالباسط، مفتی عبدالصمد سمیت متعدد حضرات نے حضرت پیر جی مدظلہ اور خالد چیمہ سے ملاقات اور تبادلہ احوال کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی روز بعد نمازِ عشاء حضرت پیر جی صاحب نے جامع مسجد چیچہ وطنی کے خطیب شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ارشاد اور جامعہ علوم شرعیہ ساہیوال کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد نذیر کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا اور پرانی یادوں کے تذکرے کو زندہ کیا۔ ۲۱ر ستمبر کو پیر جی مدظلہ عازم سفر ہوئے، ۲۱ر ستمبر بدھ کو بعد نماز عشاء جماعت کے معاون جناب محمد عمران اسلم اور قاضی عبدالقدیر نے جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی صحت یابی پر احباب کی ضیافت کا اہتمام کیا۔

## چناب نگر سے بڑی مقدار میں ناجائز اسلحہ، منشیات اور جعلی شناختی کارڈ برآمد
## غیر جانبدارانہ آپریشن کی ضرورت ہے (عبداللطیف خالد چیمہ)

لاہور (پ ر) متحدہ تحریک ختمِ نبوت پاکستان کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے کنونیئر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ چناب نگر (ربوہ) سے ناجائز اسلحے اور منشیات کی برآمدگی پر کوئی حیرت نہیں بلکہ اس سے دینی حلقوں کے خدشات کو تقویت ملی ہے کہ ربوہ میں قادیانی جماعت کے ہیڈ کوارٹر اور ذیلی دفاتر میں اسلحہ کے ڈپو قائم ہیں اور ملک بھر میں ہونے والی دہشت گردی کے ڈانڈے ربوہ میں ملتے ہیں ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ رسوائے زمانہ ضیاء الاسلام پریس ربوہ سے بڑی مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کی برآمدگی، فرضی اور جعلی شناختی کارڈ، سرکاری مہریں اور بعض دستاویزات کی برآمدگی نے حکومتی رٹ پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے؟

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سول اور فوجی بیوروکریسی اور اسٹیبلشمنٹ میں مسلط دین و ملک دشمن اور قادیانی گروہ امریکی وصہیونی ایجنڈے کو آگے بڑھا کر ملک کو مزید عدم استحکام کی طرف لے جا کر ملکی سلامتی کو داؤ پر لگا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ صرف ضیاء الاسلام پریس کا دفتر ہی نہیں پورے ربوہ کے غیر جانبدارانہ آپریشن کی ضرورت ہے اور چناب نگر کو دوبارہ ربوہ بنانے کی خطرناک سازش کے توڑ کے لئے فوری اور مؤثر اقدامات نہ کئے گئے تو صورتحال کی کشیدگی خطرناک حد تک بڑھ جائے گی ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قادیانی جماعت کو ۱۱۰۳۴ ایکڑ رقبہ کو ڑیوں کے بھاؤ الاٹ کیا گیا تھا لیکن اب قادیانی جماعت اصل رقبے سے تین گنا رقبے پر ناجائز قابض ہے اور فیصل آباد اور چنیوٹ کی سرکاری انتظامیہ قادیانی قبضوں کی مکمل سرپرستی کر کے لاقانونیت اور قادیانیت نوازی کا بدترین مظاہرہ کر رہی ہے عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ صوبائی و مرکزی حکومتوں نے چناب نگر میں سرکاری رٹ قائم نہ کی تو ایک لاوا اندر پک رہا ہے جو پھٹ گیا تو ہولناک کشیدگی جنم لے گی، انہوں نے الزام عائد کیا کہ سیکرٹری وزارت داخلہ سندھ سکہ بند قادیانی ہے جو کراچی کے حالات کو مزید بگاڑ رہا ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ ربوہ میں مسلم اداروں اور مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے ربوہ کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں اور سرکاری اراضی پر قادیانیوں کے بڑھتے ہوئے ناجائز قبضے کو ختم کرایا جائے انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ مساجد سے مشابہت رکھنے والی قادیانی عبادت گاہوں کو مسمار کیا جائے اور امتناع قادیانیت ایکٹ کی روشنی میں قادیانیوں کو اسلامی شعائر و علامات کے استعمال سے قانوناً روکا جائے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com